Reliance Weaving
Mills Limited
A Fatima Group Company

# ریلائنس ویونگ ملز لمیٹڈ

# نوٹس برائے تینتیسواں سالانہ اجلاس عام

بذریعہ نوٹس ہذا مطلع کیا جاتا ہے کہ ریلائنس ویونگ ملز لمیٹڈ (کمپنی) کا 33 واں سالانہ اجلاس عام مورخہ 27 اکتوبر 2023ء بوقت 03:00 بجے 2nd فلور، ٹرسٹ پلازہ، ایل۔ایم۔کیو روڈ، ملتان میں درج ذیل کاروباری امور کی انجام دہی کیلئے منعقد ہوگا۔

## عمومی کاروبار:

1- مورخہ 27 اکتوبر 2022ء کو منعقد ہونے والے 32 ویں سالانہ اجلاس عام کے نکات کی توثیق۔

2- 30 جون 2023ء کی کمپنی کی آڈٹ شدہ فنانشل رپورٹ مع ڈائریکٹرز و آڈیٹر کی رپورٹ کی وصولی، غور اور منظوری۔

3- مورخہ 30 جون 2024ء تک ختم ہونے والے سال کیلئے قانونی آڈیٹرز کی تعیناتی اور اُن کے مشاہرہ کا تعین کرنا۔

## خصوصی کاروبار:

4- 30 جون 2023 کو اختتام پذیر ہونے والے مالی سال کیلئے مالی سٹیٹمنٹس میں واضح کردہ متعلقہ پارٹیوں کے ساتھ ٹرانزیکشنز کی توثیق اور منظوری اور کمپنیز ایکٹ، 2017 کے سیکشن 208 کے تحت درج ذیل خصوصی قرارداد (قراردادوں) کی مع یا بغیر کسی تبدیلی کے منظوری:

قرار پایا کہ 30 جون 2023 کو ختم ہونے والے مالی سال کے دوران کمپنی کی جانب سے متعلقہ پارٹیوں کے ساتھ ٹرانزیکشن جس میں مالی سٹیٹمنٹس کے نوٹ 45 کے مطابق ڈائریکٹرز کی اکثریت دلچسپی رکھتی ہے، اُنکی توثیق، منظوری اور تصدیق کی جاتی ہے۔

5- 30 جون 2024 کو اختتام پذیر ہونے والے مالی سال کیلئے کمپنی کی جانب سے متعلقہ پارٹیوں کے ساتھ ٹرانزیکشنز کی منظوری کیلئے بورڈ آف ڈائریکٹرز کو اختیار دینا اور درج ذیل خصوصی قرارداد کی مع یا بغیر کسی ترمیم منظوری:

قرار پایا کہ کمپنی کے بورڈ آف ڈائریکٹرز 30 جون 2024 کو اختتام پذیر ہونے والے مالی سال کیلئے متعلقہ پارٹیوں کے ساتھ ہونے والی ٹرانزیکشنز کی کیس ٹو کیس بنیادوں پر منظوری دینے کیلئے با اختیار رہے۔

مزید قرار پایا کہ بورڈ آف ڈائریکٹرز کی جانب سے منظور کی گئی ان ٹرانزیکشنز کی شیئر ہولڈرز سے بھی منظوری لی جائے گی اور اگلے سالانہ اجلاس عام میں، جہاں درکار ہو ضابطہ توثیق/منظوری کیلئے شیئر ہولڈرز کے سامنے پیش کی جائیں گی۔

6- سیکورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان (ایس ای سی پی) بحوالہ نوٹیفکیشن ایس۔آر۔او۔2023/(I)389 بتاریخ 21 مارچ 2023ء کے تحت کمپنی کے سالانہ آڈٹ شدہ مالیاتی گوشواروں کو سی ڈی/ ڈی وی ڈی/ یو ایس بی کے ذریعے تقسیم کرنے کی بجائے سالانہ اجلاس عام کے نوٹس کے طور پر فعال کیو آر کوڈ اور ویب لنک کے ذریعے تقسیم کرنے کیلئے درج ذیل عمومی قرارداد کی مع یا بغیر کسی ترمیم، تبدیلی یا حذف اور اگر مناسب سمجھا جائے تو منظوری دینا۔

قرار پایا کہ کمپنی ایس آ۔ر۔او۔2023/(I)389 بتاریخ 21 مارچ 2023ء، جاری کردہ سیکورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان کے مطابق اپنی سالانہ آڈٹ شدہ فنانشل سٹیٹمنٹ اپنے کمپنی ممبران کو بذریعہ کیو آر کوڈ اور ویب لنک ارسال کرنے کی مجاز ہے اور یہ کہ سالانہ آڈٹ شدہ فنانشل سٹیٹمنٹ کی بذریعہ سی ڈی/ ڈی وی ڈی/ یو ایس بی تقسیم منقطع کی جاسکتی ہے۔

قرار پایا کہ کمپنیز ایکٹ 2017ء کے سیکشن (6)223 کے متعلقہ تقاضوں کے مطابق کمپنی آڈٹ شدہ فنانشل سٹیٹمنٹ بذریعہ ای میل اور/ یا فعال کیو آر کوڈ پر مشتمل اجلاس کا نوٹس بھیجنے یا ویب لنک ایڈریس کے ذریعے ارسال کریگی۔ آڈٹ شدہ فنانشل سٹیٹمنٹ اور/ یا سالانہ اجلاس عام نوٹس کی ہارڈ کاپی درکار ہونے کی صورت میں اس ضمن میں خصوصی درخواست دائر کرنا ہوگی۔

مزید قرار پایا کہ کمپنی سیکرٹری مذکورہ بالا قرارداد کو عملی جامہ پہنانے کیلئے تمام کارروائیوں، اعمال وافعال کرنے کا مجاز ہوگا اور یہ کہ وہ کوئی بھی ایسا قدم اُٹھا سکتا ہے جو ضروری ہو، حادثاتی نوعیت کا ہو یا پھر نتیجہ خیز حیثیت کا حامل ہو۔

7- اگر مناسب سمجھا جائے تو درج ذیل خصوصی قرارداد کی کمپنیز ایکٹ 2017ء کے سیکشن 199 کے تحت مع یا بغیر کسی تبدیلی، ترمیم و تاخیر منظوری دینا:

قرار پایا کہ بمطابق درج ذیل تفصیلات متعلقہ کمپنیوں میں سرمایہ کاری کیلئے شیئر ہولڈرز کی رضامندی بمطابق ایکٹ کے سیکشن 199 ورکنگ کیپٹل لون کی صورت میں وقتاً فوقتاً ایک سال کیلئے شیئر ہولڈرز کی جانب سے منظوری کی تاریخ سے کسی بھی آؤٹ سٹینڈنگ رقم پر منافع KIBOR پلس 2.50 فیصد (جو کہ کمپنی کی اوسط اُدھار کی لاگت سے کم نہ ہو) اور تحریری معاہدہ کی دیگر شرائط وضوابط اور ممبران کو بتائے گئے حقائق کے مطابق ہوگا۔

| نمبر شمار | نام متعلقہ کمپنی | قرض کی رقم |
|---|---|---|
| 1 | فاطمہ شوگر ملز لمیٹڈ | 400 ملین روپے |
| 2 | ریلائنس کموڈٹیز (پرائیویٹ) لمیٹڈ | 200 ملین روپے |
| 3 | فاطمہ ٹرانس میشن کمپنی لمیٹڈ | 300 ملین روپے |
| 4 | فضل کلاتھ ملز لمیٹڈ | 200 ملین روپے |
| 5 | فاطمہ ہولڈنگ لمیٹڈ | 200 ملین روپے |

مزید قرار پایا کہ کمپنی کا کوئی بھی ڈائریکٹر/ چیف ایگزیکٹو آفیسر اور/ یا چیف فنانشل آفیسر اور/ یا کمپنی سیکرٹری مذکورہ بالا متعلقہ کمپنیوں کے ساتھ جب بھی درکار ہو تو اس قسم کی سرمایہ کاری کے سلسلہ میں تمام امور، افعال، تمام قانونی طریقہ کار کی تکمیل کیلئے تمام ضروری یا اتفاقی نوعیت کے اقدامات اُٹھانے کے ساتھ ساتھ تمام ضروری معاہدے/ دستاویزات فائل کرنے کیلئے انفرادی طور پر مجاز ہیں اور رہیں گے۔

**کمپنی کے شیئر ہولڈرز کو جاری کئے جانے والے اس اجلاس کے نوٹس کے ساتھ مذکورہ بالا خصوصی کاروبار کیلئے کمپنیز ایکٹ 2017ء کے سیکشن (3)134 کے تحت سٹیٹمنٹ منسلک کی جارہی ہے۔**

بحکم بورڈ
کامران احمد اعوان
کمپنی سیکرٹری

بمقام: ملتان
بتاریخ 06 اکتوبر 2023

## شیئر ٹرانسفر بکس کی بندش:

شیئر ٹرانسفر بکس مورخہ 21 اکتوبر 2023ء تا 27 اکتوبر 2023 (بشمول دونوں دن) بند رہیں گی۔ سالانہ اجلاس عام میں شمولیت کیلئے مورخہ 20 اکتوبر 2023ء کو کاروباری اوقات کار کے اختتام تک دفتر شیئر رجسٹرار کے پاس موصول ہونے والی ٹرانسفرز بروقت متصور ہوں گی۔ ممبران پتہ جات میں کسی بھی قسم کی تبدیلی (اگر کوئی ہو تو) کی اطلاع ہمارے شیئر رجسٹرار کے پاس جمع کروائیں۔

## سالانہ اجلاس عام میں شرکت:

اجلاس میں شرکت کیلئے فہرست میں شامل اور ووٹ دینے کا حقدار ممبر اپنی جگہ پر شرکت اور ووٹ دینے کیلئے پراکسی بھی تعینات کرسکتا ہے۔ اس ضمن میں مکمل طور پر دستخط شدہ پراکسی فارم کمپنی کے رجسٹرڈ آفس واقع 2nd فلور، ٹرسٹ پلازہ، ایل۔ایم۔کیو روڈ، ملتان میں اجلاس کے 48 گھنٹے قبل وصول کیا جائے گا۔ ممبران کی آسانی کیلئے پراکسی فارم سالانہ رپورٹ 2023ء کے ساتھ منسلک کیا جارہا ہے۔

سی ڈی سی اکاؤنٹ کے حامل افراد کو سیکورٹی اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان میں واضح کردہ درج ذیل ہدایات کی پیروی کرنا ہوگی۔

## اجلاس میں شرکت کیلئے:

(i) انفرادی صورت میں اکاؤنٹ ہولڈر یا سب اکاؤنٹ ہولڈر اور اُن کی رجسٹریشن کی تفصیلات (اصل کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ یا اصل پاسپورٹ) سی ڈی سی ریگولیشنز کے مطابق اَپ لوڈ کی جائیں گی جو کہ اجلاس میں شرکت کیلئے اُن کی شناخت کی تصدیق کریں گی۔

(ii) کارپوریٹ ادارہ کی صورت میں بورڈ آف ڈائریکٹرز کی قرارداد/ پاور آف اٹارنی مع نمونہ نامزدگی دستخط کے ساتھ اجلاس میں شرکت کیلئے درکار ہوں گے۔

## پراکسی کی تعیناتی کیلئے:

### انفرادی صورت میں:

اکاؤنٹ ہولڈر اور سب اکاؤنٹ ہولڈر اور اُن کی رجسٹریشن کی تفصیلات سی ڈی سی ریگولیشنز کے مطابق اَپ لوڈ کی جائیں گی لہٰذا پراکسی فارم درج ذیل احتیاجات کے مطابق جمع کروائے جائیں گے۔ پراکسی فارم دو گواہان جن کے نام، پتہ جات اور قومی شناختی کارڈ نمبر فارم پر درج ہوں پر مبنی ہونا چاہئے۔ پراکسی فارم کے ہمراہ بینیفشل آنر کا تصدیق شدہ کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ یا پاسپورٹ کی نقول منسلک ہونی چاہئیں۔ پراکسی کو اجلاس کے وقت اپنا اصل قومی شناختی کارڈ یا اصل پاسپورٹ ہمراہ لانا ہوگا۔

### کارپوریٹ ادارہ کی صورت میں:

بورڈ آف ڈائریکٹرز کی قرارداد/ پاور آف اٹارنی مع کارپوریٹ ادارہ کی جانب سے اجلاس میں شرکت اور ووٹ دینے کیلئے نامزد کئے جانے والے شخص کے دستخط پر مبنی پراکسی فارم کمپنی کو جمع کروانا ہوگا۔ کارپوریٹ ادارہ بطور ممبر کسی بھی شخص خواہ وہ ممبر ہو یا نہ ہو بطور پراکسی تعینات کرسکتا ہے۔

## ووٹنگ بذریعہ الیکٹرانک ووٹنگ اور پوسٹل بیلٹ پیپر:

کمپنی کی (پوسٹل بیلٹ) ریگولیشنز 2018ء کے مطابق خصوصی کاروبار کے مقصد کیلئے اور کمپنیز ایکٹ 2017ء کے سیکشن 143 اور 144 کے تقاضوں سے مشروط کسی دوسرے ایجنڈا آئٹم کیلئے کمپنی اجلاس عام سے سات دن قبل بیلٹ پیپر شائع کروائے گی اور سب۔ ریگولیشن (1)8 میں دی گئی معلومات کے مطابق اخبارات میں مشتہر کرنے کے علاوہ بیلٹ پیپر کو اپنی ویب سائٹ پر بھی اَپ لوڈ کرے گی۔ شیئر ہولڈرز کیلئے ووٹنگ لائنز مورخہ 23 اکتوبر 2023ء بوقت 09:00 بجے سے 26 اکتوبر 2023ء بوقت 05:00 بجے تک کھلی رہیں گی۔

انفرادی صورت میں شیئر ہولڈر کے ہر لحاظ سے مکمل پُر اور دستخط شدہ بیلٹ پیپر بشمول کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ جبکہ کارپوریٹ ادارہ کی صورت میں قابل قبول شناختی دستاویزات اجلاس کے چیئرپرسن کو بذریعہ ڈاک 2nd فلور، ٹرسٹ پلازہ، ایل ایم کیو، روڈ ملتان یا بذریعہ ای میل kamran.ahmad@gatima-group.com پر پول کے دن سے ایک روز قبل یعنی مورخہ 26 اکتوبر 2023ء دوران دفتری اوقات کار تک پہنچ جانے چاہئیں۔

## ویڈیولنک کی سہولت

کمپنیز ایکٹ 2017ء کے مطابق اگر کمپنی کو مجموعی طور پر 10 فیصد یا اسے سے زائد شیئرز کے حامل ایسے ممبران جو دوسرے شہر کے مکین ہوں کی جانب سے اجلاس میں شمولیت کیلئے ویڈیولنک کی سہولت استعمال کرنے کی درخوست موصول ہوتی ہے تو اُنہیں بذریعہ ویڈیولنک اجلاس میں شمولیت کی اجازت ہوگی لیکن اس مقصد کیلئے اُنہیں مقررہ وقت کے مطابق اجلاس سے قبل اپنی درخواست دائر کروانا ہوگی۔

## کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ (سی این آئی سی) /نیشنل ٹیکس نمبر (این ٹی این):

فیزیکل شیئرز کے حامل وہ تمام ممبران جنہوں نے تا حال اپنا قومی شناختی کارڈ نمبر درج نہیں کروایا انہیں ایک دفعہ پھر یاددہانی کروائی جاتی ہے کہ وہ فوری طور پر اپنے سی این آئی سی کی نقل کمپنی کے شیئر رجسٹرار کے پاس جمع کروائیں۔ سی ڈی سی اکاؤنٹس رکھنے والے کارپوریٹ ممبران کیلئے لازمی ہے کہ وہ اپنے این ٹی این کی اپنے متعلقہ شرکاء کیساتھ تجدید کروائیں، اسی طرح فیزیکل شیئرز کے حامل کارپوریٹ ادارے کو اپنے این ٹی این سرٹیفکیٹ کی نقل کمپنی کے شیئر رجسٹرار کو ارسال کرنا ہوگی۔ شیئر ہولڈرز اور کارپوریٹ ممبران شناختی کارڈ اور این ٹی این بھجوانے کے دوران اپنا نام اور فولیو نمبرز ضرور درج کریں۔

## بے دعویٰ حصص/ڈیویڈنڈ:

کمپنیز ایکٹ 2017ء کے مطابق کمپنی نے اپنے شیئر ہولڈرز کو اُن کے بے دعویٰ ڈیویڈنڈز اور غیر تقسیم شدہ شیئر سرٹیفکیٹس کے حوالے سے دعویٰ دائر کرنے کیلئے پہلے ہی رابطہ کے ذریعے اپنی ذمہ داری نبھائی ہے۔ وہ شیئر ہولڈرز جن کی طرف سے اُن کے ڈیویڈنڈز کا تا حال دعویٰ اور/ یا غیر تقسیم شدہ شیئر سرٹیفکیٹس کے حوالے سے کوئی دعویٰ نہیں کیا گیا اُنہیں ایک دفعہ پھر تلقین کی جاتی ہے کہ وہ اپنی آؤٹ سٹینڈنگ ڈیویڈنڈ کی رقم اور/ یا بے دعویٰ شیئر سرٹیفکیٹس کیلئے درخواست دائر کریں

## فیزیکل شیئرز کا سی ڈی سی اکاؤنٹس میں ڈیپازٹ:

کمپنیز ایکٹ 2017ء کے سیکشن 72 کے مطابق ہر فعال کمپنی کو اپنے فیزیکل شیئرز بک اینٹری فارم میں تبدیل کرنا ہوں گے۔ اس لئے فزیکل شیئرز رکھنے والے شیئر ہولڈرز سے درخواست ہے کہ وہ اپنے شیئرز بک اینٹری فارم میں تبدیل کروائیں جو کہ ان کیلئے شیئرز کی حفاظت اور فروخت سمیت کئی انداز میں مددگار ثابت ہوسکتا ہے۔

## کمپنی کی ویب سائٹ پر سالانہ آڈٹ شدہ مالی سٹیٹمنٹس کی دستیابی:

کمپنیز ایکٹ 2017 کے سیکشن (7)223 کے مطابق 30 جون 2023 کو اختتام پذیر ہونے والے سال کیلئے کمپنی کی آڈٹ شدہ مالی سٹیٹمنٹس کمپنی کی ویب سائٹ پر دستیاب ہیں۔

## سالانہ رپورٹ کی الیکٹرانکلی ترسیل

سالانہ رپورٹ اور سالانہ اجلاس عام کا نوٹس الیکٹرانکلی موصول کرنے میں دلچسپی رکھنے والے شیئر ہولڈرز سے درخواست ہے کہ وہ ہمارے شیئر رجسٹرار یا کمپنی سیکرٹری سے ای میل ایڈریس kamran.ahmad@fatima-group.com پر ای میل کریں۔ تاہم کمپنی ایسے شیئر ہولڈرز کو اُنکی درخواست پر سالانہ رپورٹ کی نقل اضافی طور پر مفت فراہم کرے گی۔